کتابِ مُقدّس

یعنی

پُرانا اور نیا عہد نامہ

پاکستان بائبل سوسائٹی

انارکلی۔ لاہور

The Holy Bible in URDU
Revised Version

PAKISTAN BIBLE SOCIETY
LAHORE

093 series - 2004 - 1.1M

093TI ISBN - 969250476X
095YTI ISBN - 9692504808

کو بھیجا کہ جا کر اُس بچے کی بابت ٹھیک ٹھیک دریافت کرو اور
۹ جب وہ ملے تو مجھے خبر دو تاکہ میں بھی آکر اُسے سجدہ کروں ۝ وہ
بادشاہ کی بات سُنکر روانہ ہُوئے اور دیکھو جو ستارہ اُنہوں نے
پُورب میں دیکھا تھا وہ اُنکے آگے آگے چلا۔ یہاں تک کہ اُس جگہ
۱۰ کے اُوپر جا کر ٹھہر گیا جہاں وہ بچہ تھا ۝ وہ ستارے کو دیکھکر نہایت
۱۱ خوش ہُوئے ۝ اور اُس گھر میں پہنچکر بچے کو اُسکی ماں مریم کے پاس
دیکھا اور اُسکے آگے گر کر سجدہ کیا اور اپنے ڈبے کھول کر سونا اور
۱۲ لُبان اور مُر اُسکو نذر کیا ۝ اور ہیرودیس کے پاس پھر نہ جانے
کی ہدایت خواب میں پاکر دُوسری راہ سے اپنے مُلک کو روانہ ہُوئے ۝
۱۳ جب وہ روانہ ہو گئے تو دیکھو خُداوند کے فرشتہ نے یُوسف کو
خواب میں دِکھائی دیکر کہا اُٹھ۔ بچے اور اُسکی ماں کو ساتھ لیکر مصر کو
بھاگ جا اور جب تک کہ میں تجھ سے نہ کہُوں وہیں رہنا کیونکہ
ہیرودیس اِس بچے کو تلاش کرنے کو ہے تاکہ اِسے ہلاک
۱۴ کرے ۝ پس وہ اُٹھا اور رات کے وقت بچے اور اُسکی ماں کو ساتھ
۱۵ لیکر مصر کو روانہ ہو گیا ۝ اور ہیرودیس کے مرنے تک وہیں رہا تاکہ
جو خُداوند نے نبی کی معرفت کہا تھا وہ پُورا ہو کہ مصر میں سے میں
۱۶ نے اپنے بیٹے کو بُلایا ۝ جب ہیرودیس نے دیکھا کہ مجوسیوں
نے میرے ساتھ ہنسی کی تو نہایت غُصے ہُوا اور آدمی بھیج کر
بیت لحم اور اُسکی سب سرحدوں کے اندر کے اُن سب لڑکوں
کو قتل کروا دیا جو دو دو برس کے یا اِس سے چھوٹے تھے۔ اُس
وقت کے حساب سے جو اُس نے مجوسیوں سے تحقیق کی تھی ۝
۱۷ اُسوقت وہ بات پُوری ہُوئی جو یرمیاہ نبی کی معرفت کہی گئی تھی کہ ۝
۱۸ رامہ میں آواز سُنائی دی۔

رونا اور بڑا ماتم۔
راخل اپنے بچوں کو رو رہی ہے
اور تسلّی قبول نہیں کرتی اِسلئے کہ وہ نہیں ہیں ۝

۱۹ جب ہیرودیس مر گیا تو دیکھو خُداوند کے فرشتہ نے مصر میں
۲۰ یُوسف کو خواب میں دِکھائی دیکر کہا کہ ۝ اُٹھ اِس بچے اور اُسکی
ماں کو لیکر اِسرائیل کے مُلک میں چلا جا کیونکہ جو بچے کی جان کے
۲۱ خواہاں تھے وہ مر گئے ۝ پس وہ اُٹھا اور بچے اور اُسکی ماں کو ساتھ
۲۲ لیکر اِسرائیل کے مُلک میں آگیا ۝ مگر جب سُنا کہ ارخِلاؤس اپنے
باپ ہیرودیس کی جگہ یہودیہ میں بادشاہی کرتا ہے تو وہاں جانے
سے ڈرا اور خواب میں ہدایت پاکر گلیل کے علاقہ کو روانہ ہو گیا ۝
۲۳ اور ناصرۃ نام ایک شہر میں جا بسا تاکہ جو نبیوں کی معرفت کہا گیا
تھا وہ پُورا ہو کہ وہ ناصری کہلائیگا ۝

باب ۳

۱ اُن دِنوں میں یُوحنّا بپتسمہ دینے والا آیا اور یہودیہ کے
۲ بیابان میں یہ منادی کرنے لگا کہ ۝ توبہ کرو کیونکہ آسمان کی بادشاہی
۳ نزدیک آگئی ہے ۝ یہ وُہی ہے جسکا ذِکر یسعیاہ نبی کی معرفت
یُوں ہُوا کہ

بیابان میں پُکارنے والے کی آواز آتی ہے کہ
خُداوند کی راہ تیار کرو۔
اُسکے راستے سیدھے بناؤ ۝

۴ یہ یُوحنّا اُونٹ کے بالوں کی پوشاک پہنے اور چمڑے کا پٹکا اپنی کمر
سے باندھے رہتا تھا اور اُسکی خوراک ٹڈیاں اور جنگلی شہد تھا ۝
۵ اُسوقت یروشلیم اور سارے یہودیہ اور یردن کے گرد و نواح کے سب
۶ لوگ نکلکر اُسکے پاس گئے ۝ اور اپنے گُناہوں کا اِقرار کرکے دریای یردن
۷ میں اُس سے بپتسمہ لیا ۝ مگر جب اُس نے بہت سے فریسیوں اور
صدوقیوں کو بپتسمہ کے لئے اپنے پاس آتے دیکھا تو اُن سے کہا کہ
اَے سانپ (الف) کے بچو! تمکو کس نے جتا دیا کہ آنے والے غضب سے
۸ ۹ بھاگو؟ ۝ پس توبہ کے موافق پھل لاؤ ۝ اور اپنے دِلوں میں یہ کہنے
کا خیال نہ کرو کہ ابرہام ہمارا باپ ہے کیونکہ میں تم سے کہتا ہُوں کہ
۱۰ خُدا اِن پتھروں سے ابرہام کے لئے اَولاد پیدا کر سکتا ہے ۝ اور اب
درختوں کی جڑ پر کُلہاڑا رکھا ہُوا ہے۔ پس جو درخت اچھا پھل نہیں
۱۱ لاتا وہ کاٹا اور آگ میں ڈالا جاتا ہے ۝ میں تو تمکو توبہ کے لئے پانی سے
بپتسمہ دیتا ہُوں لیکن جو میرے بعد آتا ہے وہ مجھ سے زور آور
ہے۔ میں اُسکی جوتیاں اُٹھانے کے لائق نہیں۔ وہ تمکو رُوح القدس
۱۲ اور آگ سے بپتسمہ دیگا ۝ اُسکا چھاج (ب) اُسکے ہاتھ میں ہے اور وہ
اپنے کھلیہان کو خُوب صاف کریگا اور اپنے گیہوں کو تو کھتے میں
جمع کریگا مگر بھوسی کو اُس آگ میں جلائیگا جو بُجھنے کی نہیں ۝
۱۳ اُس وقت یسُوع گلیل سے یردن کے کنارے یُوحنّا کے
۱۴ پاس اُس سے بپتسمہ لینے آیا ۝ مگر یُوحنّا یہ کہکر اُسے منع کرنے
لگا کہ میں آپ تجھ سے بپتسمہ لینے کا محتاج ہُوں اور تو میرے
۱۵ پاس آیا ہے؟ ۝ یسُوع نے جواب میں اُس سے کہا اب تو ہونے
ہی دے کیونکہ ہمیں اِسی طرح ساری راستبازی پُوری کرنا مناسب
۱۶ ہے۔ اِس پر اُس نے ہونے دِیا ۝ اور یسُوع بپتسمہ لیکر فی الفور
پانی کے پاس سے اُوپر گیا اور دیکھو اُسکے لئے آسمان کھُل گیا اور

(الف) یعنی افعی (ب) باسُوپ

۲۳ اور ناصرۃ نام ایک شہر میں جا بسا تاکہ جو نبیوں کی معرفت کہا گیا
تھا وہ پورا ہو کہ وہ ناصری کہلائیگا ۝
۳ب ۱ اُن دِنوں میں یُوحنّا بپتسمہ دینے والا آیا اور یہودیہ کے
۲ بیابان میں یہ منادی کرنے لگا کہ ۝ توبہ کرو کیونکہ آسمان کی بادشاہی
۳ نزدیک آگئی ہے ۝ یہ وُہی ہے جِسکا ذِکر یسعیاہ نبی کی معرفت
یُوں ہُوا کہ

بیابان میں پُکارنے والے کی آواز آتی ہے کہ
خداوند کی راہ تیار کرو۔
اُسکے راستے سیدھے بناؤ ۝

۴ یہ یُوحنّا اُونٹ کے بالوں کی پوشاک پہنے اور چمڑے کا پٹکا اپنی کمر
سے باندھے رہتا تھا اور اِسکی خوراک ٹڈیاں اور جنگلی شہد تھا ۝
۵ اُسوقت یروشلیم اور سارے یہودیہ اور یردن کے گرد و نواح کے سب

۶ لوگ نکلکر اُسکے پاس گئے ۝ اور اپنے گناہوں کا اقرار کرکے دریایِ یردن
۷ میں اُس سے بپتسمہ لیا ۝ مگر جب اُس نے بہت سے فریسیوں اور